
# رجسٹریشن پالیسی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ورژن-آر پی 5.0.3 | سیریل آر پی: 2015 | تاریخ اجراء: 21-11-2022 | نظر ثانی: این/اے |



# رجسٹریشن پالیسی

| ورژن۔آر پی 5.0.3 | سیریل آر پی: 2015 | تاریخ اجراء: 21-11-2022 | نظرثانی: این/اے |
|---|---|---|---|

## ب فارم / بچوں کا شناختی کارڈ / نیا شناختی کارڈ (عام/سمارٹ/نائیکوپ) کے حصول کے لئے

<table>
<tr><th colspan="2">اٹھارہ سال سے کم عمر کے لئے</th><th rowspan="2">اٹھارہ سال اور اس سے زائد عمر کے لئے</th><th rowspan="2">خونی رشتہ دار یا قریبی رشتہ دار نہ ہونے کی صورت میں</th></tr>
<tr><th>ب فارم</th><th>بچوں کا کارڈ / نائیکوپ کارڈ</th></tr>
<tr>
<td rowspan="3">☆ والدین یا سرپرست میں سے کسی ایک کی موجودگی بمعہ شناختی کارڈ نمبر<br>اور<br>☆ پیدائشی سرٹیفیکیٹ (تصدیق شدہ)<br>☆ والدین میں سے کوئی ایک یا سرپرست کی بائیومیٹرک تصدیق<br>یا<br>☆ تصدیق کنندہ سے تصدیق بمطابق ریگولیشن ۹ نادرا آرڈیننس</td>
<td rowspan="3">☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ والدین میں سے کوئی ایک یا سرپرست کی موجودگی بمعہ شناختی کارڈ<br>☆ پیدائشی سرٹیفیکیٹ (تصدیق شدہ)<br>☆ والدین یا سرپرست کی بائیومیٹرک تصدیق<br>یا<br>☆ تصدیق کنندہ سے تصدیق بمطابق ریگولیشن ۹ نادرا آرڈیننس</td>
<td><u>اگر والدین یا خونی رشتہ دار، دادا، دادی، نانا، نانی میں سے کوئی ایک موجود ہو</u><br>☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ والدین یا خونی رشتہ دار، دادا، دادی، نانا، نانی میں سے کسی ایک کی موجودگی بمعہ اصل یا کاپی شناختی کارڈ اور بائیومیٹرک تصدیق</td>
<td rowspan="3">☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>اور<br>☆ دو حامل شناختی کارڈ اشخاص کی جانب سے بائیومیٹرک گواہی (Witness) بمعہ حلف نامہ (نادرا کا وضع کردہ) اور کیس آفیسر کی جانب سے جامع اور مطمئن انداز میں چھان بین<br>اور<br>☆ تصدیق کنندہ سے تصدیق بمطابق ریگولیشن ۹ نادرا آرڈیننس<br><br>نوٹ: <u>گواہ کی ترجیح:</u><br>ا۔ والد یا والدہ کی طرف سے رشتہ دار مثلاً ماموں، خالہ، چچا، پھوپھی یا ان میں سے کسی کا بیٹا/بیٹی یا بھانجا/بھانجی / بھتیجا / بھتیجی یا قریبی رشتہ دار<br>۲۔ اگر کوئی بھی رشتہ دار حیات نہیں ہے تو اس صورت میں کوئی بھی حامل شناختی کارڈ شخص جو درخواست گزار کو ذاتی حیثیت میں جانتا ہو اور اسی علاقے کا رہائشی ہو۔</td>
</tr>
<tr><td><u>اگر والدین یا خونی رشتہ دار، دادا، دادی، نانا، نانی شناختی کارڈ کے حامل ہوں لیکن درخواست گزار کے ہمراہ موجود نہ ہوں</u><br>☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ والدین یا خونی رشتہ دار، دادا، دادی، نانا، نانی میں سے کسی ایک کی اصل یا کاپی شناختی کارڈ<br>اور<br>مندرجہ ذیل دستاویزات میں سے کسی ایک کی کاپی<br>ب فارم یا میٹرک یا مساوی تعلیمی دستاویزات یا مارک شیٹ یا ڈومیسائل یا لوکل سرٹیفیکیٹ یا پاسپورٹ یا پیدائشی سرٹیفیکیٹ (تصدیق شدہ)<br>اور<br>☆ شناختی کارڈ فارم کی تصدیق بمطابق ریگولیشن ۹ نادرا آرڈیننس</td></tr>
<tr><td><u>اگر والدین یا خونی رشتہ دار یا دادا یا دادی یا نانا یا نانی شناختی کارڈ کے حامل ہوں لیکن درخواست گزار کے ہمراہ موجود نہ ہوں اور درخواست گزار کے پاس اوپر دیئے گئے دستاویزات نہ ہوں</u><br>☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ والدین یا خونی رشتہ دار، دادا، دادی، نانا، نانی میں سے کسی ایک کا اصل شناختی کارڈ<br>اور<br>☆ ایک حامل شناختی کارڈ شخص کی جانب سے بائیومیٹرک گواہی (Witness) بمعہ حلف نامہ (نادرا کا وضع کردہ) اور کیس آفیسر کی جانب سے جامع اور مطمئن انداز میں چھان بین<br>اور<br>☆ تصدیق کنندہ سے تصدیق بمطابق ریگولیشن ۹ نادرا آرڈیننس</td></tr>
</table>

## ریمارکس

ا۔ درخواست گزار پاکستان کے کسی بھی علاقے سے شناختی کارڈ کیلئے درخواست دے سکتا ہے۔

ب۔ اگر درخواست گزار کی عمر ۲۲ سال یا اس سے زائد ہو اور درخواست گزار صرف پیدائشی سرٹیفیکیٹ فراہم کر رہا ہے تو ایسی صورت میں والدین یا خونی رشتہ دار کا ساتھ ہونا لازمی ہے۔

ج۔ پہلی بار شناختی کارڈ کی درخواست دینے والے افراد کو UV پالیسی سے گزارا جائے گا۔

د۔ متعلقہ آفیسر تمام درخواست گزار و تصدیق کنندہ کا موجودہ معلومات اور کوائف کی روشنی میں مفصل اور جامع انٹرویو کرے گا اور درخواست فارم پر اپنی بمعہ دستخط قلم بند کرے گا۔ درخواست گزار کی درخواست جمع کرنے سے انکار نہیں کیا جائے گا اور کسی قسم کے ابہام کی صورت میں درخواست فارم پر مطلوبہ دستاویزات اور دیگر ہدایات لکھ کر طلب کی جائیں گی۔

س۔ والدین میں سے اگر کسی ایک کو نادرا کا شناختی کارڈ جاری ہو چکا ہے اور شناختی کارڈ ڈیجیٹل امپونڈنگ کیٹیگری میں بلاک نہ ہوا ایسے والدین کے بچوں کے شناختی کارڈ بغیر تعطل کے جاری کئے جائیں گے بمطابق وزارت داخلہ مراسلہ نمبر (8/37/2016-NADRA of 06-06-2018)۔ ویریفیکیشن (UV) مارک کرنے کیلئے معقول وجہ ہونا ضروری ہے جیسے کہ خاندان کی معلومات میں تضاد وغیرہ۔ مزید یہ کہ اشتہاری (PO) کی کیٹیگری میں بلاک افراد کے اہل خانہ کو بغیر تعطل کے شناختی کارڈ جاری کیئے جائیں۔

ص۔ اگر درخواست گزار کی تاریخ پیدائش (والدین شناختی کارڈ کے حامل نہ ہوں) شہریت قانون کے آغاز ۱۳ اپریل ۱۹۵۱ کے بعد کی ہو **یا** تاریخ پیدائش ۱۶ دسمبر ۱۹۷۱ کی ہو اور جائے پیدائش بنگلہ دیش ہو تو ایسی درخواست کو UV پالیسی سے گزارا جائیگا۔

ط۔ اگر کسی قسم کے دستاویزاتی ثبوت موجود نہ ہوں تو درخواست گزار کی عمر ظاہری حالت سے مطابقت رکھنی چاہیے۔

ع۔ ازدواجی حیثیت میں تبدیلی کے لئے مثلاً شادی شدہ **یا** طلاق یافتہ **یا** بیوہ **یا** رنڈوا کے لئے متعلقہ دستاویزات درکار ہونگے (صفحہ نمبر ۵)

ف۔ عارضی اور مستقل پتہ کا اندراج متعلقہ شق (صفحہ نمبر ۵) کے مطابق کیا جائے گا۔

ق۔ والدین کی تفصیلات معلوم نہ ہونے کی صورت میں والدین کے نام سسٹم کے تحت لکھے جائیں گے (صرف خواجہ سرا اور لاوارث افراد کے لئے) نادرا کا وضع کردہ حلف نامہ اور ضروری دستاویزات کی فراہمی ضروری ہے۔

ل۔ معذوری کا نشان کارڈ پر ثبت کرنے کے لئے **سی آر ڈی وی پی** (کونسل برائے حقوق معذوراں) / **پی سی آر ڈی پی** (صوبائی ادارہ بہبود برائے معذور افراد) / **ادارہ سماجی بہبود** آزاد جموں وکشمیر/گلگت بلتستان / بین اقوامی ادارہ سے جاری کردہ سرٹیفیکیٹ درکار ہوگا۔ معذور افراد کے لئے شناختی کارڈ تاحیات جاری ہوں گے۔ ایسے درخواست گزار جو غیر تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ قوت گوئی سے محروم (گونگا بہرا) یا ذہنی پسماندگی کا شکار ہوں اور ان کا انٹرویو ممکن نہ ہو تو ایسی صورت میں معذوری کا سرٹیفیکیٹ لازمی درکار ہوگا۔

م۔ مقبوضہ کشمیر کے شہریوں کو جاری کردہ اسٹیٹ سبجیکٹ سرٹیفیکیٹ کی تصدیق جاری کنندہ مجاز ادارے سے کروائی جائے گی علاوہ ازیں فارم کی تصدیق بمطابق ریگولیشن ۹ نادرا آرڈیننس ہوگی۔

ن۔ Citizenship / Naturalization سرٹیفیکیٹ کو IMPASS سے تصدیق کروایا جائے گا۔

و۔ سرپرست صرف Guardianship سرٹیفیکیٹ کے ساتھ درخواست جمع کروا سکتے ہیں (ماسوائے شناختی کارڈ کے)۔

ہ۔ زونل بورڈ/ریجنل بورڈ کیس کی جانچ پڑتال اور انٹرویو کے بعد کسی قسم کی رعایت کیلئے آر ایچ او سے ٹکٹ سسٹم کے ذریعہ منظوری لے گا۔

ء۔ اگر کسی علاقے میں یونین کونسل آن لائن کام نہیں کر رہی تو پھر ایسی صورت میں دستی (مینول) پیدائشی سرٹیفیکیٹ / تعلیمی سرٹیفیکیٹ قابل قبول ہوں گے۔

ی۔ اگر درخواست گزار پہلی بار دو (۲) گواہوں کی بنیاد (System Independent) پر رجسٹرڈ ہوا ہو اور اب وہ والدین / بہن بھائی کو رجسٹرڈ کروا رہا ہے تو ایسی صورت میں کیس کو UV مارک کیا جائے گا۔

# رجسٹریشن پالیسی

| ورژن۔آر پی 5.0.3 | سیریل آر پی: 2015 | تاریخ اجراء: 21-11-2022 | نظر ثانی: این/اے |
|---|---|---|---|

## تبدیلی، گمشدہ کارڈ کا حصول، تجدید، دفتری غلطی، فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ، موت کی صورت میں شناختی کارڈ کی منسوخی

| عام شناختی کارڈ سے اسمارٹ شناختی کارڈ میں منتقلی | گمشدہ / تجدید شدہ کارڈ کا حصول |
|---|---|
| ☆ درخواست گزار کی موجودگی بمعہ اصل **یا** کاپی شناختی کارڈ<br>☆ بائیومیٹرک تصدیق بذریعہ خونی رشتہ دار **یا** قریبی رشتہ دار<br>**یا**<br>تصدیق کنندہ سے تصدیق بمطابق ریگولیشن ۹ نادرا آرڈیننس (a-h)<br><br>**<u>ب فارم سے بچوں کا شناختی کارڈ</u>**<br>☆ بچے کی موجودگی<br>☆ اصل ب فارم<br>☆ والدین **یا** خونی رشتہ دار **یا** قریبی رشتہ دار کی موجودگی<br>☆ بائیومیٹرک تصدیق والدین **یا** خونی رشتہ دار **یا** قریبی رشتہ دار (علاوہ زوج) **یا** سرپرست **یا** شناختی کارڈ فارم کی تصدیق کنندہ سے تصدیق بمطابق ریگولیشن ۹ نادرا آرڈیننس<br>**نوٹ:**<br>**۱۔ اگر درخواست گزار طالب علم ہے تو والدین یا خونی رشتہ دار یا قریبی رشتہ دار کی موجودگی ضروری نہیں۔لیکن سٹوڈنٹ کارڈ/اسکول سرٹیفکیٹ طلب کیا جائے گا۔**<br>۲۔ کوائف میں کسی قسم کی تبدیلی متعلقہ شق کے مطابق کی جائے گی<br>۳۔ بائیومیٹرکس (تصویر اور انگلیوں کے نشان) لیے اور لوڈ کئے جائیں گے<br>۴۔ سمارٹ کارڈ سے سادہ کارڈ میں منتقلی ممکن نہ ہے | ☆ درخواست گزار کی موجودگی بمعہ اصل **یا** کاپی شناختی کارڈ / نائیکوپ<br>☆ کسی قسم کے مزید دستاویز کی ضرورت نہیں ہوگی<br><br>بائیومیٹرک تصدیق خونی رشتہ دار **یا** قریبی رشتہ دار **یا** سرپرست **یا** شناختی کارڈ فارم کی تصدیق کنندہ سے تصدیق بمطابق ریگولیشن ۹ نادرا آرڈیننس (اگر ضرورت ہو)<br><br>**نوٹ:**<br>ا۔ درخواست گزار شناختی کارڈ میں تجدید کی صورت میں اپنا موجودہ پتہ اور والدہ کا نام ترمیم کی متعلقہ پالیسی کے مطابق تبدیل اور درست کرواسکتا ہے<br>ب۔ تصویر اور بائیومیٹرک لئے جائیں گے۔تصویر صرف تجدید کی صورت میں اپڈیٹ ہوگی جبکہ بائیومیٹرک اپڈیشن دونوں صورتوں میں ہوگی |

| دفتری غلطی | شناختی دستاویزات کی وصولی | شناختی کارڈ کی تنسیخ (بوجہ وفات) | فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ |
|---|---|---|---|
| ☆ درخواست گزار کی موجودگی بمعہ اصل شناختی کارڈ<br>☆ بائیومیٹرک تصدیق بذریعہ خونی رشتہ دار **یا** قریبی رشتہ دار **یا** تصدیق کنندہ سے تصدیق بمطابق ریگولیشن ۹ (a-h)<br>**نوٹ:**<br>ا۔ نئی ٹریکینگ آئی ڈی جاری کرتے ہوئے متعلقہ آفیسر دفتری غلطی والی ٹریکینگ آئی ڈی کا ریفرنس دے گا۔<br>ب۔ درخواست گزار شناختی کارڈ کی وصولی کے بعد کبھی بھی پیش ہوکر مخصوص فلیڈ میں دفتری غلطی کی تصیح کرواسکتا ہے۔<br>ج۔ دفتری غلطی کی تصیح کسی بھی نادرا کے دفتر سے کروائی جاسکتی ہے۔ | ☆ درخواست گزار کی موجودگی اور اصل ٹوکن رسید (اگر موجود ہے)<br>**یا**<br>☆ خونی رشتہ دار **یا** قریبی رشتہ دار (شوہر، بیوی) بمعہ اصل ٹوکن رسید<br>**یا**<br>☆ غیر خونی رشتہ دار کے لئے اصل ٹوکن رسید بمعہ درخواست گزار کی جانب سے جاری کردہ اجازت نامہ<br>☆ بذریعہ ڈاک شناختی کارڈ کی وصولی | ☆ خونی رشتہ دار **یا** قریبی رشتہ دار (شوہر، بیوی) کی موجودگی<br>☆ متوفی **یا** متوفیہ کا اصل شناختی کارڈ (اگر موجود ہو)<br>☆ وفات کا سرٹیفکیٹ (یونین کونسل، ہسپتال، قبرستان سے جاری کردہ) | ☆ خونی رشتہ دار **یا** شوہر، بیوی کی موجودگی<br>☆ اٹھارہ سال سے کم عمر افراد کی موجودگی<br><br>**نوٹ:** درخواست گزار کوئی خونی رشتہ دار **یا** شوہر، بیوی ہوسکتا ہے۔ |

## ریمارکس

ا۔ درخواست گزار پرانا شناختی کارڈ (اصل) متعلقہ آفیسر کے پاس جمع کروائے گا جسے متعلقہ آفیسر کارڈ کی تصویر پر سوراخ **یا** پنچ کر کے درخواست گزار کو واپس کرے گا۔اگر درخواست گزار کے پاس اصل کارڈ موجود نہیں ہوگا تو سسٹم سے نکلنے والا حلف نامہ بمعہ دستخط جمع کروائے گا۔

ب۔ متعلقہ آفیسر ہر درخواست گزار کا موجودہ معلومات اور کوائف کی روشنی میں مفصل اور جامع انٹرویو کرے گا اور اگر ضروری ہو تو درخواست فارم پر اپنی رائے/جانچ پڑتال کے نتائج بمعہ دستخط قلم بند کرے گا۔اور کسی قسم کے ابہام کی صورت میں درخواست فارم پر مطلوبہ دستاویزات اور دیگر ہدایات لکھ کر طلب کی جائیں گی۔

ج۔ کسی قسم کی رعایت کے لئے کیس کی جانچ پڑتال زونل بورڈ **یا** ریجنل بورڈ سے کرنے کے بعد ریجنل ہیڈ کوارٹر سے منظوری لی جائے گی۔

# رجسٹریشن پالیسی

| ورژن۔آر پی 5.0.3 | سیریل آر پی: 2015 | تاریخ اجراء: 21-11-2022 | نظر ثانی: این/اے |
|---|---|---|---|

## شناختی دستاویزات میں ترمیم (عام/اسمارٹ نائیکوپ، ب فارم، بچوں کا شناختی کارڈ)

| نام | | والدین کی معلومات میں ترمیم | |
|---|---|---|---|
| **نام میں مکمل ترمیم**<br>**مثال: (نصرت جہاں سے عدیلہ وغیرہ)** | **نوٹ** | **اگر والدین حیات ہوں** | **اگر والدین وفات پا چکے ہوں** |
| ☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ حلف نامہ (نادرا کا وضع کردہ) اوتھ کمیشنر سے تصدیق شدہ<br>**یا**<br>☆ دارالفتاء سے جاری کردہ سرٹیفیکیٹ (مذہب کی تبدیلی کی صورت میں)<br>**اور**<br>☆ بائیومیٹرک تصدیق بذریعہ خونی رشتہ دار **یا** قریبی رشتہ دار<br>**یا**<br>☆ اگر خونی رشتہ دار/قریبی رشتہ دار حیات نہ ہو تو تصدیق کنندہ سے تصدیق بمطابق ریگولیشن 9 نادرا آرڈیننس | ا۔ مذکورہ بالا دستاویزات صرف نام میں تبدیلی کے لئے درکار ہیں۔ نام میں درستگی کے لئے کسی قسم کے دستاویز کی ضرورت نہیں ہے<br>ب۔ ایک بار نام میں تبدیلی کے بعد دوسری بار نام میں تبدیلی یا واپس پرانے نام پر منتقلی کی اجازت نہیں ہوگی، ماسوائے خاتون درخواست گزار کے (شوہر یا والد کے نام میں واپس ممکن ہے)<br>ج۔ درخواست گزار کے نام میں تبدیلی کے بعد منحصر افراد (بیوی/بچے) بھی شناختی دستاویزات میں تبدیلی کروا سکتے ہیں (اگر ضرورت ہو) | ☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ والدین کے شناختی کارڈ<br>**اور**<br>☆ والد **یا** والدہ کی موجودگی اور بائیومیٹرک تصدیق جن کے نام کی درستگی درکار ہے<br>**اور**<br>☆ درخواست گزار کے کسی ایک بہن **یا** بھائی کی بائیومیٹرک گواہی (Witness) جن کے شناختی کارڈ میں والدین کے کوائف درست ہوں | ☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ والد **یا** والدہ کی موجودگی اور بائیومیٹرک تصدیق بمعہ شناختی کارڈ جس میں فوت شدہ زوج کا اندراج موجود ہو<br>**اور**<br>☆ درخواست گزار کے کسی ایک بہن **یا** بھائی کی بائیومیٹرک گواہی جن کے شناختی کارڈ میں والدین کے کوائف درست ہوں۔<br>**یا**<br>☆ دو بہن **یا** بھائی کی موجودگی جن کے شناختی کارڈ میں والدین کے کوائف درست ہوں ان میں سے ایک کی بائیومیٹرک تصدیق جبکہ دوسرے سے بائیومیٹرک گواہی لی جائے گی |

**نوٹ:**

ا۔ اگر بہن **یا** بھائیوں میں سے کوئی ایک بھی موجود نہ ہو تو مندرجہ ذیل دستاویزات میں سے کوئی ایک درکار ہوگی۔
تصدق شدہ میٹرک **یا** مساوی دستاویزات **یا** مارک شیٹ **یا** پاسپورٹ **یا** پرانا شناختی کارڈ (RG-I,RG-II,RG-III) **یا** پرانا ب فارم

ب۔ والدین کے کوائف میں صرف ایک بار درستگی کی اجازت ہے۔

ج۔ ایسے درخواست گزار جن کو ب فارم / شناختی کارڈ والدین میں سے کسی ایک کی بائیومیٹرک تصدیق کے بعد جاری ہوا ہو تو ایسی درخواست کی مکمل تحقیق / جانچ پڑتال کرنے کے بعد زونل بورڈ کی سفارشات اور ریجنل آپریشنز برانچ کی منظوری کے بعد ہی پروسس کیا جائے گا۔

د۔ ایسے درخواست گزار جو بچے کی رجسٹریشن سے پہلے ایک سے زائد زوج رکھتے ہوں، اور والدین میں سے کسی ایک کا نام غلط درج ہو تو ایسی صورت میں والدین کے نام کی درستگی ب فارم / شناختی کارڈ میں کی جاسکتی ہے۔

س۔ ایسے بے اولاد شہری جنہوں نے خونی **یا** قریبی رشتہ دار کے بچوں کا اندراج بطور والدین کیا ہو تو ایسے بچوں کے ریکارڈ میں والدین کے ناموں کی درستگی ہو سکے گی۔ ایسی درخواستوں کے لئے اصل والدین اور گود لینے والے والدین کی موجودگی لازمی ہوگی۔

## عمر میں ترمیم

| پانچ سال سے کم کی ترمیم/درستگی | پانچ سال سے زائد کی ترمیم/درستگی | ریمارکس |
|---|---|---|
| ☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ مندرجہ ذیل میں سے (کوئی ایک) دستاویز<br>☆ میٹرک /مساوی دستاویزات **یا**<br>مارک شیٹ نویں/دسویں کلاس کی (پاس / فیل)<br>(پاس کی معیاد اجراء کے تین سال تک)<br>**یا** پاسپورٹ **یا** عمر کی تشخیص کا (سرکاری ہسپتال کے ایم ایس کے دستخط سے جاری شدہ) سرٹیفیکیٹ **یا** سرکاری و نیم سرکاری ادارے کے ملازمت کا ریکارڈ بمعہ این او سی **یا**<br>پیدائش کا سرٹیفیکیٹ (تصدیق شدہ)<br>حکومت کی جانب سے جاری کی گئی ایسا کوئی دستاویز جس پر تاریخ پیدائش درج ہو مثلاً<br>تصدیق شدہ پرانا شناختی کارڈ/ تصدیق شدہ نکاح نامہ / سرکاری اسکول چھوڑنے کا سرٹیفیکیٹ، تصدیق شدہ لوکل / ڈومیسائل سرٹیفیکیٹ | ☆ کوئی ایک دستاویزی ثبوت جو عمر میں تبدیلی کیلئے پانچ سال سے کم کے فرق کیلئے درکار ہیں<br>**اور**<br>☆ ڈی جی آپریشنز/ریجنل ڈی جی کی جانب سے عمر میں تبدیلی کی منظوری بذریعہ ٹکٹ سسٹم کے تحت | **ا۔** دوسری بار عمر میں تبدیلی ریجنل ڈی جی کی اجازات سے ہوگی۔ اگر درخواست گزار میٹرک/مساوی تصدیق شدہ سرٹیفیکیٹ کا حامل ہو تو۔<br>ب۔ اگر نادرا ریکارڈ میں درخواست گزار کی عمر ۱۸ سال **یا** زائد درج ہو تو ایسی صورت میں ۱۸ سال سے کم عمر کی طرف رجوع کرنے والی درخواست پر عملدرآمد نہیں ہوگا۔<br>ج۔ اگر درخواست گزار کی عمر تبدیلی، پہلی بار رجسٹریشن کے بعد کی ہوگی تو ایسی صورت میں درخواست گزار زونل بورڈ کے سامنے حاضر ہو کہ معقول وجہ بیان کرے گا۔ بورڈ کی سفارشات کے بعد کیس پروسس کیا جائے گا۔<br>ن۔ غیر تعلیم یافتہ درخواست گزار اپنی عمر کو ۳۶۶ یوم تک درست کروا سکتا ہے، اگر اس کا بھائی یا بہن یا والدین میں سے کسی کے ساتھ عمر کا غیر فطرتی فرق ہو۔<br>س۔ درخواست گزار اگر اپنی تاریخ پیدائش سے ناواقف ہو تو یکم جولائی درج کیا جائے گا۔<br>ص۔ دن اور مہینہ کے اضافے کے لئے کسی قسم کے دستاویز کی ضرورت نہیں ہے۔<br>ط۔ انگلش کارڈ پر اردو کارڈ **یا** ب فارم **اور** اردو کارڈ **یا** ب فارم پر انگلش کارڈ کی بنیاد پر تاریخ پیدائش کی درستگی کی صورت میں کسی دستاویز کی ضرورت نہیں ہوگی۔<br>ع۔ غیر حقیقی عمر (Unrealistic) کے فرق (دس سال یا زائد) میں درستگی کے لئے ریجنل ڈی جی کی اجازت اور تبدیلی کا جواز/قابل قبول دلیل / دستاویزات (اگر ہے) لینا لازمی ہے۔<br>ف۔ درخواست گزار اگر میٹرک ہے اور اس کے پاس اور بھی دستاویزات موجود ہیں جن میں تاریخ پیدائش مختلف ہے تو میٹرک کا سرٹیفیکیٹ/سند کو ترجیح دی جائے گی۔<br>ق۔ عمر کے تشخیصی سرٹیفیکیٹ پر دی گئی عمر اگر درخواست گزار کی مطلوبہ عمر کے قریب ہو تو ایسی صورت میں عمر تبدیل کرنے کی اجازت ہے۔ مثلاً اگر سرٹیفیکیٹ میں عمر ۲۵ سال درج ہے اور مطلوبہ عمر ۲۸ سال ہے اور شناختی کارڈ پر ۳۰ سال درج ہے تو ایسی صورت میں ۲۸ سال درج کی جا سکتی ہے۔ |

# رجسٹریشن پالیسی

| ورژن-آر پی 5.0.3 | سیریل آرپی: 2015 | تاریخ اجرآء: 21-11-2022 | نظرثانی: این/اے |
|---|---|---|---|

## شناختی دستاویزات میں ترمیم (عام/اسمارٹ/نائیکوپ، ب فارم، بچوں کا شناختی کارڈ)

| پتہ میں ترمیم (موجودہ) | پتہ میں ترمیم (مستقل) | ازدواجی حیثیت میں ترمیم | مذہب میں ترمیم |
|---|---|---|---|
| ☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>اور<br>☆ ڈاک کے ذریعہ شناختی کارڈ کی وصولی کی صورت میں مکان/فلیٹ نمبر، گلی نمبر، محلّہ/ٹاؤن/سوسائٹی/لین/سیکٹر درج کرنا لازم ہوگا۔<br>☆ موجودہ پتہ کی تبدیلی کیلئے دستاویز کی ضرورت نہیں ہے۔<br>**<u>شناختی کارڈ کی خود وصولی کی صورت میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک دستاویز</u>**<br>☆ مستقل پتہ کی بنیاد پر<br>☆ خونی **یا** قریبی رشتہ دار (زوج) کے شناختی کارڈ کی بنیاد پر **یا**<br>☆ کمپیوٹرائزڈ یوٹیلیٹی بل (گیس، بجلی، پانی) خود یا والدین/ زوج کے نام و پتہ پر<br>☆ جائیداد کے دستاویزات درخواست گزار/والدین/زوج کے نام پر<br>☆ تصدیق شدہ لوکل **یا** ڈومیسائل سرٹیفیکیٹ **یا** پی آر سی (مستقل سکونتی سرٹیفیکیٹ)<br>☆ مالک مکان کی جانب سے حلف نامہ **یا** کرایہ نامہ | ☆ درخواست گزار کی موجودگی<br><u>مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک دستاویز</u><br>☆ خونی رشتہ دار<br>(علاوہ شادی شدہ بہن / بھائی جس کے شناختی کارڈ پر زوج کا پتہ درج ہو)<br>شوہر کے شناختی کارڈ کی بنیاد پر جو اسی نام و پتہ کے ساتھ ہوں<br>☆ کمپیوٹرائزڈ یوٹیلیٹی بل (گیس، بجلی، پانی) کے اسی نام و پتہ کے ساتھ ہوں<br>☆ جائیداد کے دستاویزات درخواست گزار/خود یا والدین کے نام پر<br>☆ تصدیق شدہ لوکل **یا** ڈومیسائل سرٹیفیکیٹ **یا** پی آر سی (مستقل سکونتی سرٹیفیکیٹ) **یا** سرکاری الاٹمنٹ لیٹر<br>☆ مالک مکان کی جانب سے حلف نامہ بمعہ جائیداد کی دستاویزات اور شناختی کارڈ کی کاپی | ☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>**<u>شادی کی صورت میں</u>**<br>☆ نکاح نامہ/میرج سرٹیفیکیٹ/حلف نامہ اور زوج کا شناختی کارڈ (اگر موجود ہو) **یا**<br>زوج کی ازدواجی حیثیت پہلے سے تبدیل شدہ ہو اور فیملی ٹری میں بھی اپڈیٹ ہو۔ **اور**<br>سپورٹ/پی او سی/پی او آر/اے سی سی (افغان سٹیزن کارڈ) (غیرملکی زوج ہونے کی صورت میں)<br>**<u>طلاق کی صورت میں</u>**<br>☆ طلاق نامہ یونین کونسل کی طرف سے جاری کردہ<br>**نوٹ:**<br>نکاح نامہ/حلف نامہ/میرج سرٹیفیکیٹ نہ ہونے کی صورت میں زوج کی موجودگی لازمی ہے۔ زوج نہ ہونے کی صورت میں سسرال میں سے کسی ایک کی موجودگی لازمی ہے۔ | ☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ درخواست فارم پر موجود اقرارنامہ کی توثیق<br>**نوٹ:**<br>☆ مذہب اسلام میں واپسی کبھی بھی ممکن ہے۔ درخواست گزار فارم پر موجود اقرارنامہ (SOP ۱۳ دسمبر ۲۰۱۸ 4.1.0) کے مطابق خود کو مسلمان ظاہر کرنے کے بعد اسلام سے کسی اور مذیب میں تبدیلی نہیں کرواسکتا اور نہ ہی ایسی درخواست پر عملدرآمد کیا جائے گا۔<br>☆ درخواست گزار کے ناخواندہ ہونے کی وجہ سے ہونی والی غلطی کو دفتری غلطی میں پروسیس کیا جائے گا۔ |

| جنس میں ترمیم | دیگر کوائف میں ترمیم |
|---|---|
| ☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ ظاہری حلیہ درخواست گزار کی خواہش کے مطابق (جنس مخنث کے لئے)<br>**نوٹ:**<br>☆ خواجہ سرا (جنس مخنث) کی بطور مرد یا عورت تبدیلی ممکن نہیں ہے<br>☆ مرد سے عورت اور عورت سے مرد جنس میں تبدیلی صرف سرکاری ہسپتال کے جاری کردہ تصدیق شدہ میڈیکل سرٹیفیکیٹ کی بنیاد پر کی جائے گی۔ | ☆ مندرجہ ذیل میں تبدیلی کے لئے کسی قسم کے دستاویزات کی ضرورت نہیں ہے۔<br>شناختی علامت، جائے پیدائش / (ملک کی تبدیلی کی صورت میں دستاویزی ثبوت درکار ہیں)، رہائش کا ملک، غیر ملک رہائش کی وجہ، پیشہ، بلڈ گروپ، تعلیمی قابلیت، فون نمبر، مادری زبان، آبائی ملک، والد/والدہ کا آبائی ملک، بائیومیٹرک اور دستخط<br>**<u>والدین/رشتہ دار کا شناختی کارڈ نمبر درج کرنے کیلئے:</u>**<br>☆ درخواست گزار کی موجودگی<br>☆ والدین/رشتہ دار کے اصل/کاپی شناختی کارڈ<br>☆ انٹرویو کے ذریعہ والدین/رشتہ دار کے خاندان کی تصدیق کریں اور سفارشات (ریمارکس) درج کریں |

## ریمارکس

| |
|---|
| ا۔ درخواست گزار پرانا شناختی کارڈ (اصل) متعلقہ آفیسر کے پاس جمع کروائے گا جسے متعلقہ آفیسر کارڈ کی تصویر پر سوراخ **یا** پنچ کر کے درخواست گزار کو واپس کرے گا۔ اگر درخواست گزار کے پاس اصل کارڈ موجود نہیں ہوگا تو سسٹم سے نکلنے والا حلف نامہ بمعہ دستخط جمع کروائے گا۔ |
| ب۔ کسی قسم کی رعایت کے لئے کیس کی جانچ پڑتال زونل بورڈ/ریجنل بورڈ سے کرنے کے بعد ریجنل ہیڈکوارٹر سے منظوری لی جائے گی۔ |
| ج۔ ہر درخواست گزار نادرا ریگولیشن ۱۰ کے مطابق درخواست فارم پر موجود حلف نامہ برائے مذہب پر دستخط/انگوٹھا کا نشان لازمی ثبت کرے گا۔ |
| د۔ متعلقہ آفیسر ہر درخواست گزار کا موجودہ معلومات اور کوائف کی روشنی میں مفصل اور جامع انٹرویو کرے گا اور اگر ضروری ہو تو درخواست فارم پر اپنی رائے/جانچ پڑتال کے نتائج بمعہ دستخط قلم بند کرے گا۔ اور کسی قسم کے ابہام کی صورت میں درخواست فارم پر مطلوبہ دستاویزات اور دیگر ہدایات لکھ کر طلب کی جائیں گی۔ |
| س۔ متعلقہ قانون کے مطابق عورت کو شادی شدہ درج کروانے کے لئے عمر کی حد ۱۶ سال ہے جبکہ مرد کی عمر ۱۸ سال ہے۔ کم عمر کی شادی کے اندراج کیلئے یونین کونسل/کنٹونمنٹ بورڈ سے جاری کردہ میرج سرٹیفیکیٹ ضروری ہوگا۔ |
| ص۔ کیس کو لازمی طور پر منظوری کے لئے ٹکٹ سسٹم کے تحت زون/ریجن کو بھیجا جائے گا۔ |
| ط۔ اگر کسی علاقے میں یونین کونسل آن لائن کام نہیں کر رہی تو پھر ایسی صورت میں دستی (مینول) پیدائشی سرٹیفیکیٹ /تعلیمی سرٹیفیکیٹ قابل قبول ہوں گے۔ |